# حصہ اول (Part A)

## تحقیق کے طریقۂ کار (Research Methodology)

1. ''تحقیق کے طریقِ کار'' کے مصنف کون ہیں؟

(A) سید محمد ہاشم (B) خلیق انجم

(C) ش۔ اختر (D) عبدالرزاق قریشی

2. مندرجہ ذیل میں سے کس پر متن کا اطلاق نہیں ہوتا ہے؟

(A) حافظے میں محفوظ روایت (B) جانوروں کی کھال پر لکھی عبارت

(C) سنگی کتبہ (D) کاغذ پر لکھی دستی تحریر

3. قاضی عبدالودود نے کس شاعر کا دیوان مرتب کیا ہے؟

(A) جوشش (B) شاہ حاتم

(C) شاہ مبارک آبرو (D) خواجہ میر درد

4. کتب خانہ آصفیہ کے اردو مخطوطات کی وضاحتی فہرست کس نے مرتب کی ہے؟

(A) محی الدین قادری زور (B) سیدہ جعفر

(C) محمد علی اثر (D) نصیرالدین ہاشمی

5. ''وجد'' کا پورا نام کیا ہے؟

(A) سکندر علی (B) محمد علی

(C) علی سکندر (D) علی محمد وجد

6. کس مستشرق نے دیوان ولی کو مرتب کر کے شائع کیا؟

(A) کرنل ہالرائڈ (B) جان گلکرسٹ

(C) گارساں دتاسی (D) والٹر پیٹر

7. محمود شیرانی کے مرتب کردہ تذکرے کا نام بتائیے۔

(A) تذکرہ ہندی (B) تذکرہ گلشن بے خار

(C) تذکرہ شعرائے اردو (D) تذکرہ خوش نغز

8. مخطوطہ کسے کہتے ہیں؟

(A) قدیم چھپائی والی کتاب
(B) قلمی نسخہ
(C) خطوط کا مجموعہ
(D) تاریخی نوعیت کی کتاب

9. ذیل کی کس سلطنت کا تعلق دکن سے نہیں تھا؟

(A) بریدشاہی
(B) عمادشاہی
(C) مغل شاہی
(D) نظام شاہی

10. شمالی ہند کی پہلی نثری داستان کی نشاندہی کیجیے۔

(A) طوطا کہانی
(B) نوطرز مرصع
(C) نوآئین ہندی
(D) قصہ مہر افروز دلبر

11. علامہ اقبال کے خطوط کو کلیات مکاتیب اقبال کے عنوان سے کس نے مرتب کیا ہے؟

(A) رفیع الدین ہاشمی
(B) عبداللہ قریشی
(C) ابواللیث صدیقی
(D) سید مظفر حسین برنی

12. ذیل میں دیے گئے کس محقق کا تعلق رضا لائبریری (رامپور) سے بڑا گہرا رہا ہے؟

(A) مسعود حسین خان
(B) محی الدین قادری زور
(C) امتیاز علی خاں عرشی
(D) سید سلیمان ندوی

13. قرۃ العین حیدر کو "گیان پیٹھ ایوارڈ" ان کی کس تخلیق کی وجہ سے ملا؟

(A) آخرِ شب کے ہمسفر
(B) آگ کا دریا
(C) چاندنی بیگم
(D) کارِ جہاں دراز ہے

14. "بازگوئی" کس کا افسانوی مجموعہ ہے؟

(A) سلام بن رزاق
(B) انور قمر
(C) سریندر پرکاش
(D) سید محمد اشرف

15. ذیل میں سے کون سی تصنیف احتشام حسین کی نہیں ہے؟

(A) تنقیدی نظریات
(B) نظر اور نظریے
(C) تنقیدی جائزے
(D) اردو ادب کی تنقیدی تاریخ

16. "بیگمات کے آنسو" کے مصنف کون ہیں؟

(A) رشید احمد صدیقی (B) کنہیالال کپور

(C) پطرس بخاری (D) خواجہ حسن نظامی

17. "کنزالکرامات" کے مصنف کا نام بتایئے۔

(A) ابو محمد سحر (B) سید کلب عابد

(C) نجم الدین خاں نجمی (D) حامد حسن قادری

18. زمیندار کے مدیر کون تھے؟

(A) حسرت موہانی (B) منشی نول کشور

(C) جوش ملیح آبادی (D) ظفر علی خاں

19. رسالہ "نیا دور" کہاں سے شائع ہوتا ہے؟

(A) دہلی (B) لکھنو

(C) حیدر آباد (D) ممبئی

20. "فیض کو کیسے نہ پڑھیں" کس کا مضمون ہے؟

(A) گوپی چند نارنگ (B) شارب ردولوی

(C) عتیق اللہ (D) شمیم حنفی

21. مندرجہ ذیل میں سے کون سی کتاب رشید حسن خان نے مرتب نہیں کی؟

(A) باغ و بہار (B) سحر البیان

(C) کربل کتھا (D) فسانہ عجائب

22. تنقید کے نئے تصورات میں کس نظریے کا شمار ہوتا ہے؟

(A) بین المتونیت (B) مارکسی

(C) تاثراتی (D) ترقی پسندی

23. پروفیسر گوپی چند نارنگ کی وفات کب ہوئی؟

(A) 10 جون 2022 (B) 15 جون 2022

(C) 20 جون 2022 (D) 25 جون 2022

24. اردو ادب کی تاریخ انگریزی میں "A History of Urdu Literature" کے نام سے کس نے لکھی؟

(A) جمیل جالبی
(B) نورالحسن نقوی
(C) احتشام حسین
(D) رام بابو سکسینہ

25. لفظ کو نقطوں کی مدد سے تبدیل کر دینے کو تحقیقی اصطلاح میں کیا کہا جاتا ہے؟

(A) تصحیح
(B) تصحیف
(C) تسوید
(D) تعلیقہ

26. ادبی تحقیق میں تدوین سے کیا مراد لیا جاتا ہے؟

(A) مصنف کی نشاندہی کرنا
(B) کتاب کے مکمل ہو جانے کے بعد کسی اور جزو کا اضافہ
(C) کسی تصنیف کے مختلف نسخوں کا مقابلہ کر کے درست متن تیار کرنا
(D) مصنف کے بارے میں تعریفی جملے لکھنا

27. کسی ادیب کی زندگی کے اہم واقعات اور تصانیف کو سنہ اور تاریخ وار درج کرنے کو کیا کہتے ہیں؟

(A) توقیت
(B) تشہیر
(C) توقیف
(D) تمت

28. مسودے میں نظر ثانی کے بعد صاف کیا ہوا نسخہ تحقیقی اصطلاح میں کیا کہلاتا ہے؟

(A) مبیضہ
(B) ماخذی نسخہ
(C) نسخہ
(D) اساسی نسخہ

29. تحقیق میں تمسیخ سے مراد ہے.........

(A) متن کی اہمیت و افادیت سے انکار کرنا
(B) شاعر کے حالات بیان کرنا
(C) محقق کے اصولوں کی وضاحت کرنا
(D) متن کو غلط نگاری سے مسخ کر دینا

30. ارسطو کی تصنیف POETICS کا ترجمہ فن شاعری کے نام سے کس نے کیا تھا؟

(A) جمیل جالبی
(B) عزیز احمد
(C) محمد حسن عسکری
(D) مجنوں گورکھپوری

31. تحلیل نفسی کا بنیاد گزار کسے مانا جاتا ہے؟

(A) مارکس
(B) ہیگل
(C) فرائیڈ
(D) ایلیٹ

32. "سب رس" کی دریافت کس نے کی ہے؟

(A) شمس اللہ قادری
(B) مولوی عبدالحق
(C) سیدہ جعفر
(D) حمیرہ جلیلی

33. مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی سے کون سا رسالہ شائع ہوتا ہے؟

(A) زبان وادب
(B) ادب وثقافت
(C) تہذیب وثقافت
(D) تہذیب وتمدن

34. قرآن پاک کا پہلا اردو ترجمہ کس نے کیا تھا؟

(A) شاہ عبدالقادر
(B) شاہ مراد اللہ
(C) شاہ رفیع الدین
(D) میر عبدالرزاق

35. صحیح جوڑی کی نشاندہی کیجیے۔

(A) گلشن ہند: مرزا علی لطف
(B) انتخاب یادگار: مصطفیٰ خاں شیفتہ
(C) چمنستان شعرا: عبدالغفور نساخ
(D) ریختہ گویاں: ابراہیم خلیل

36. بھرت منی نے "ناٹیہ شاستر" میں رس کی کتنی قسمیں بتائی ہیں؟

(A) پانچ
(B) سات
(C) نو
(D) گیارہ

37. کسی کتاب کے متن کے بعد وہ اضافی حصہ جس میں متن سے متعلق مفید معلومات دی گئی ہوں لیکن وہ ایسی ہوں جنھیں متن میں نہیں دیا جاسکتا تھا۔ اسے کیا کہتے ہیں؟

(A) الحاق
(B) ضمیمہ
(C) قیاسی تصحیح
(D) انتحال

38. تنقید کی بنیاد کیا ہے؟

(A) تقابل
(B) تقریظ
(C) قدرشناسی
(D) تنقیص

39. اردو میں کس شاعر کو علم رمل میں مہارت تھی؟

(A) میر درد
(B) مومن
(C) ریاض خیرآبادی
(D) شاہ حاتم

40. ''بنت لمحات'' کس شاعر کا مجموعۂ کلام ہے؟

(A) اختر شیرانی
(B) اخترالایمان
(C) جاں نثار اختر
(D) جاوید اختر

41. تھامس گرے کی مشہور نظم "Elegy written in a country churchyard" کا ترجمہ ''گورِ غریباں'' کے نام سے کس نے کیا؟

(A) شفیق الرحمٰن
(B) ظفر علی خان
(C) سہیل عظیم آبادی
(D) نظم طباطبائی

42. کس محقق نے کہا کہ ''تحقیق کے لیے مغز سگاں اور تنقید کے لیے مغز شاہاں درکار ہے''؟

(A) نگیندر
(B) کلیم الدین احمد
(C) محمد احسن فاروقی
(D) سید عبداللہ

43. ''تمبیض'' سے کیا مراد ہے؟

(A) مسودے کو صاف کر کے نقل کرنا
(B) مسودے کو شائع کروانا
(C) کسی متن پر حاشیہ لکھنا
(D) متن پر نظر ثانی کرنا

44. کس نثری صنف کو ذہن کی ترنگ کہا جاتا ہے؟

(A) خاکہ
(B) انشائیہ
(C) مختصر افسانہ
(D) رپورتاژ

45. مقالات حافظ محمود شیرانی کتنی جلدوں پر مشتمل ہے؟

(A) تین
(B) پانچ
(C) سات
(D) نو

46. علامہ شبلی نعمانی نے یہ بات کس کے لیے کہی تھی ''وہ گپ بھی ہانک دے تو وحی معلوم ہوتی ہے''؟

(A) محمد حسین آزاد
(B) الطاف حسین حالی
(C) سرسید احمد خان
(D) مولوی نذیر احمد

47. ''تلامذۂ غالب'' کس محقق کی تحقیقی کاوشوں کا حاصل ہے؟

(A) امتیاز علی خاں عرشی
(B) حبیب الرحمٰن خاں شیروانی
(C) مختار الدین احمد
(D) مالک رام

48. کارل مارکس کہاں کا رہنے والا تھا؟

(A) یونان (B) جرمنی

(C) روس (D) فرانس

49. ''دستخطی نسخہ'' کسے کہتے ہیں؟

(A) جس نسخے پر مصنف کا دستخط ہو (B) جس نسخے کو مصنف نے زبانی سنایا ہو

(C) مصنف کے ہاتھ کا لکھا یا ٹائپ کیا ہوا نسخہ (D) مصنف نے کسی دوسرے کے نسخے پر دستخط کیے ہوں

50. کس محقق نے یہ ثابت کیا کہ ''معراج العاشقین'' خواجہ بندہ نواز گیسو دراز کی تصنیف نہیں ہے بلکہ ان کے دو ڈھائی سو سال کے بعد کے مصنف کا کارنامہ ہے؟

(A) محی الدین قادری زور (B) مولوی عبدالحق

(C) جمیل جالبی (D) حفیظ قتیل

## حصہ دوم (Part-B)

## اردو (Urdu)

51. مندرجہ ذیل میں سے کون سی کتاب اختر حسین رائے پوری کی ہے؟

(A) ادب کا مطالعہ (B) ادب اور انقلاب

(C) ذوق ادب اور شعور (D) ادب اور زندگی

52. حسین الحق کے ناول ''اماوس میں خواب'' کو کس سال کا ساہتیہ اکادمی انعام دیا گیا؟

(A) 2018 (B) 2019

(C) 2020 (D) 2021

53. جسے بات کے ربط کا فام نیں اسے شعر کہنے سوں کچ کام نیں

یہ شعر کس کا ہے؟

(A) غواصی (B) ابن نشاطی

(C) وجہی (D) ہاشمی

54. گریرسن کے مطابق ہندوستان میں کتنی زبانیں اور بولیاں پائی جاتی ہیں؟

(A) 250 زبانیں اور 400 بولیاں
(B) 179 زبانیں اور 544 بولیاں
(C) 182 زبانیں اور 350 بولیاں
(D) 24 زبانیں اور 150 بولیاں

51

55. اردو کا تعلق زبانوں کے کس بڑے خاندان سے ہے؟

(A) ہند چینی
(B) ہند یورپی
(C) سامی
(D) دراوڑی

52

56. مثنوی "ہشت بہشت" کے مصنف کا نام بتایئے۔

(A) ملک خوشنود
(B) رستمی
(C) مقیمی
(D) محمود

53

57. رجب علی بیگ سرور کی کس کتاب کا پیش لفظ مرزا غالب نے لکھا تھا؟

(A) سرورِ سلطانی
(B) انشائے سرور
(C) شبستانِ سرور
(D) گلزارِ سرور

54

58. ہندوستان کی ہند آریائی زبانوں کی تاریخ کو لسانی اور صوتی ارتقا کے لحاظ سے کتنے ادوار میں تقسیم کیا گیا ہے؟

(A) تین
(B) چار
(C) پانچ
(D) چھ

55

59. سائنسی خیالات کی ترویج کے لیے مندرجہ ذیل میں سے کون سا رسالہ جاری کیا گیا؟

(A) دلگداز
(B) اردوئے معلی
(C) فوائد الناظرین
(D) سیپ

56

60. ورناکلر ٹرانسلیشن سوسائٹی کا قیام کب عمل میں آیا؟

(A) 1835
(B) 1842
(C) 1856
(D) 1869

57

61. پنڈت دیا شنکر نسیم کس مشہور شاعر کے شاگرد تھے؟

(A) مصحفی
(B) ناسخ
(C) آتش
(D) انشا

58

62. "کربل کتھا" ملا حسین واعظ کاشفی کی کس مشہور کتاب کا ترجمہ ہے؟

(A) روضۃ الشہدا
(B) اخلاق محسنی
(C) انوار سہیلی
(D) مثنوی لب لباب

63. کالی داس کے مشہور ڈرامے "ابھگیان شاکنتلم" کا اردو ترجمہ "شکنتلا" کے نام سے کس نے کیا؟

(A) شیر علی افسوس
(B) نہال چند لاہوری
(C) آغا حشر کاشمیری
(D) کاظم علی جوان

64. مندرجہ ذیل میں سے کون سی کتاب امیر مینائی کی نہیں ہے؟

(A) مراۃ الغیب
(B) صنم خانہ عشق
(C) داستان اردو
(D) امیر اللغات

65. کس محقق نے اپنی پوری زندگی قدیم کتابوں کی تلاش، تحقیق، تدوین اور اشاعت میں گزاری؟

(A) امتیاز علی خاں عرشی
(B) محمود خاں شیرانی
(C) قاضی عبدالودود
(D) عبدالحق

66. خواتین کا رسالہ "عصمت" کس نے جاری کیا؟

(A) راشد الخیری
(B) عبدالحلیم شرر
(C) خواجہ حسن نظامی
(D) رشید جہاں

67. علامہ اقبال نے فلسفے میں پی ایچ ڈی کی ڈگری کہاں سے حاصل کی؟

(A) کیمبرج یونیورسٹی
(B) میونخ یونیورسٹی
(C) آکسفورڈ یونیورسٹی
(D) کولمبیا یونیورسٹی

68. "نہ ابتدا کی خبر ہے نہ انتہا معلوم" کس کی خودنوشت ہے؟

(A) شارب ردولوی
(B) عابد سہیل
(C) وزیر آغا
(D) سید محمد عقیل

69. مندرج ذیل شعر میں کس صنعت کا استعمال کیا گیا ہے؟

بے سبب زلزلہ عالم میں نہیں آتا ہے
کوئی بیتاب تہ خاک تڑپتا ہوگا

(A) مبالغہ
(B) غلو
(C) مکر شاعرانہ
(D) حسن تعلیل

70. ان میں سے کون رسالہ "آجکل" کے مدیر نہیں رہے ہیں؟

(A) جوش ملیح آبادی
(B) راج نرائن راز
(C) مخمور سعیدی
(D) محبوب الرحمٰن فاروقی

71. مندرجہ ذیل میں سے کون سی کتاب شیخ علی محمد جیو گام دھنی کی ہے؟

(A) جواہر اسرار اللہ
(B) بحر الفضائل
(C) نہ سپہر
(D) چمنستان شعرا

72. مندرجہ ذیل میں سے کس صوفی شاعر کا تخلص الکھ داس تھا؟

(A) شیخ بہاء الدین باجن
(B) شیخ سراج الدین عثمان
(C) شاہ محمد غوث گوالیاری
(D) شیخ عبدالقدوس گنگوہی

73. مندرجہ ذیل میں کون سی ترتیب زمانی اعتبار سے درست ہے؟

(A) امین الدین اعلیٰ - برہان الدین جانم - شمس العشاق شاہ میراں جی
(B) امین الدین اعلیٰ - شمس العشاق شاہ میراں جی - برہان الدین جانم
(C) شمس العشاق شاہ میراں جی - برہان الدین جانم - امین الدین اعلیٰ
(D) برہان الدین جانم - امین الدین اعلیٰ - شمس العشاق شاہ میراں جی

74. "وہ ہجو کہتے وقت اپنے قلم کی نوک زہر میں بجھا لیتے تھے اور نظموں سے آگ کی لپٹیں نکلنے لگتی تھیں۔" یہ کس شاعر کے بارے میں کہا جاتا ہے؟

(A) جعفر زٹلی
(B) محمد رفیع سودا
(C) جوش ملیح آبادی
(D) ان میں سے کوئی نہیں

75. اردو کے ابتدائی دور کے شاعر محمد باقر آگاہ کا تعلق کہاں سے تھا؟

(A) لاہور
(B) گولکنڈہ
(C) بیجاپور
(D) ویلور

76. مندرجہ ذیل میں سے کس شاعر کا تعلق راجا ٹوڈرمل کے خاندان سے تھا؟

(A) لچھمی نرائن شفیق
(B) چندولال شاداں
(C) گردھاری پرشاد باقی
(D) آنند نرائن ملا

77. اول و آخر فنا، باطن و ظاہر فنا
نقش کہن ہو کہ نو، منزل آخر فنا
یہ شعر کس نظم کا ہے؟

(A) ساقی نامہ
(B) ذوق و شوق
(C) مسجد قرطبہ
(D) جبریل و ابلیس

78. مندرجہ ذیل شعر کس کا ہے؟
جب کشتی ثابت و سالم تھی، ساحل کی تمنا کس کو تھی
اب ایسی شکستہ کشتی پر ساحل کی تمنا کون کرے

(A) معین احسن جذبی
(B) جگر مرادآبادی
(C) قتیل شفائی
(D) اصغر گونڈوی

79. سید اطہر حسین رضوی کس شاعر کا اصل نام ہے؟

(A) مجروح سلطان پوری
(B) ساحر لدھیانوی
(C) حسرت موہانی
(D) کیفی اعظمی

80. مندرجہ ذیل میں سے کس بولی کا تعلق مغربی ہندی سے نہیں ہے؟

(A) برج بھاشا
(B) ہریانی
(C) اودھی
(D) بندیلی

81. "فن داستان گوئی" کے مصنف کا نام بتائیے۔

(A) گیان چند جین
(B) شمس الرحمٰن فاروقی
(C) کلیم الدین احمد
(D) عبادت بریلوی

82. "انگارے" میں کس کا افسانہ شامل نہیں تھا؟

(A) سجاد ظہیر
(B) محمد دین تاثیر
(C) رشید جہاں
(D) احمد علی

83. کرشن چندر کے افسانوں کا پہلا مجموعہ کس نام سے شائع ہوا؟

(A) نظارے
(B) طلسم خیال
(C) زندگی کے موڑ پر
(D) ان داتا

84. اردو کے کس شاعر کے بارے میں مشہور ہے کہ وہ گیروا لباس پہنتے تھے، ہاتھ میں موٹا سا سونٹا ہوتا تھا اور کمر میں تلوار لگی رہتی تھی۔

(A) حیدر علی آتش
(B) سعادت یار خاں رنگین
(C) غلام ہمدانی مصحفی
(D) انشاء اللہ خاں انشا

85. میر حسن کے والد بھی ایک قادر الکلام شاعر تھے۔ ان کا نام کیا تھا؟

(A) میر انیس
(B) میر سوز
(C) میر ضاحک
(D) میر خلیق

86. نجم الدولہ اور دبیر الملک کے خطاب سے کس شاعر کو نوازا گیا؟

(A) میر
(B) سودا
(C) ذوق
(D) غالب

87. "دیمکوں کی ملکہ سے ملاقات" کس کا مزاحیہ مضمون ہے؟

(A) یوسف ناظم
(B) شفیقہ فرحت
(C) مجتبیٰ حسین
(D) کرنل محمد خاں

88. "اس آباد خرابے میں" کس کی خودنوشت ہے؟

(A) وزیر آغا
(B) اختر الایمان
(C) مسعود حسین خاں
(D) ادا جعفری

89. چھمی کا کردار کس ناول میں ملتا ہے؟

(A) آنگن
(B) دو گز زمین
(C) ایوانِ غزل
(D) راجا گدھ

90. تلنگانہ کسان تحریک پر کون سا ناول لکھا گیا؟

(A) اسی بلندی اسی پستی
(B) جانگلوس
(C) بارشِ سنگ
(D) بہت دیر کردی

91. مندرجہ ذیل جملے کو مکمل کرنے کے لیے صحیح بیانات کی نشان دہی کیجیے۔

ڈراما "یہودی کی لڑکی" میں.........

(۱) تین ایکٹ ہیں۔ (2) چار ایکٹ ہیں۔ (3) پندرہ سین ہیں۔ (4) اٹھارہ سین ہیں۔

(A) پہلا اور تیسرا
(B) دوسرا اور تیسرا
(C) دوسرا اور چوتھا
(D) پہلا اور چوتھا

92. سرمد کا کردار مندرجہ ذیل میں سے کس ڈرامے میں ملتا ہے؟

(A) انجام
(B) خانہ جنگی
(C) آگرہ بازار
(D) پردۂ غفلت

93. بدل کر فقیروں کا ہم بھیس غالب
تماشائے اہلِ کرم دیکھتے ہیں

یہ شعر کس بحر میں کہا گیا ہے؟

(A) بحر ہزج مثمن سالم
(B) بحر رجز مثمن سالم
(C) بحر متقارب مثمن سالم
(D) بحر متدارک مثمن سالم

94. مندرجہ ذیل بیانات کو پڑھیے اور صحیح جواب کی نشان دہی کیجیے۔

الف۔ تاثراتی تنقید فن پارے کے مطالعے سے ذہن پر پیدا ہونے والے تاثرات پر مبنی ہوتی ہے۔

ب۔ تاثراتی تنقید کا فن پارے کے تعینِ قدر سے کوئی سروکار نہیں ہوتا۔

(A) الف صحیح، ب غلط
(B) الف غلط، ب صحیح
(C) الف اور ب دونوں صحیح
(D) الف اور ب دونوں غلط

95. "دخمہ" کس کا افسانہ ہے؟

(A) علی امام نقوی
(B) سید محمد اشرف
(C) بیگ احساس
(D) سلام بن رزاق

96. مندرجہ ذیل میں سے کون سا بیان صحیح ہے؟

(A) "دربارِ اکبری" علامہ شبلی کی تصنیف ہے۔
(B) شمس الرحمٰن فاروقی نے رسالہ "شب خون" جاری کیا۔
(C) "ایک لڑکا" مجاز کی نظم ہے۔
(D) "چارپائی" خواجہ حسن نظامی کا انشائیہ ہے۔

97. یہ داغ داغ اجالا یہ شب گزیدہ سحر — وہ انتظار تھا جس کا یہ وہ سحر تو نہیں

اس شعر سے کس نظم کی شروعات ہوتی ہے؟

(A) چاند تاروں کا بن
(B) آزادی
(C) صبح آزادی
(D) فریب

87

98. "مشرق و مغرب میں تنقیدی تصورات کی تاریخ" کس کی تصنیف ہے؟

(A) محمد حسن
(B) سید محمد عقیل
(C) شارب ردولوی
(D) قمر رئیس

88

99. اظہاریت کا نظریہ کس نے پیش کیا؟

(A) ہیگل
(B) ٹی ایس ایلیٹ
(C) کروچے
(D) گوئٹے

100. "اردو کے آسمان شاعری پر نظیر تنہا درخشاں ستارہ ہے۔" یہ کس کا قول ہے؟

89

(A) سلیم اختر
(B) جمیل جالبی
(C) آل احمد سرور
(D) کلیم الدین احمد

☆☆☆